
27th June, 2024

# 28% OF PAKISTANIS EXPRESS A POSITIVE OUTLOOK ON THE INCREASED MEMBERSHIP INTO THE BRICS, WHILE 39% REPORT NOT HAVING HEARD OF THE ALLIANCE: GALLUP PAKISTAN AND GIA

28% پاکستانیوں نے برکس (BRICS) کی رکنیت میں اضافے پر مثبت رائے کا اظہار کیا، جبکہ 39% پاکستانیوں نے اس اتحاد کے بارے میں بالکل بھی نہیں سنا۔

Question: Recently the so-called BRICS – an alliance between Brazil, Russia, India, China and South Africa –was joint by six new member countries among which Argentina, Saudi Arabia and Egypt. What is your attitude towards this global alliance?



(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## بین الاقوامی

بین الاقوامی تنظیمیں

## 28% پاکستانیوں نے برکس (BRICS) کی رکنیت میں اضافے پر مثبت رائے کا اظہار کیا، جبکہ 39% پاکستانیوں نے اس اتحاد کے بارے میں بالکل بھی نہیں سنا۔

**(گیلپ پاکستان اور جی آئی اے GIA)**


(اسلام آباد)، 27 جون، 2024

گیلپ پاکستان & گیلپ انٹر نیشنل ایسو سی ایشن (GIA) کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 28% پاکستانیوں نے برکس (BRICS) کی رکنیت میں اضافے پر مثبت رائے کا اظہار کیا، جبکہ 39% پاکستانیوں نے اس اتحاد کے بارے میں بالکل بھی نہیں سنا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین وحضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" حال ہی میں سے "برکس" BRICS جو کہ پانچ ملکی اتحاد ہے جس میں برازیل، روس، انڈیا، چین اور جنوبی افریقہ شامل ہیں - میں چھ نئے رکن ممالک کو شامل کیا گیا ہے جن میں ارجنٹینا، سعودی عرب اور مصر شامل ہیں۔برائے مہربانی بتائیں کہ اس عالمی اتحاد کے بارے میں آپ کیسی رائے رکھتے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 28% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس حوالے سے مثبت رائے رکھتے ہیں ، 9% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس حوالے سے منفی رائے رکھتے ہیں ، 10% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس حوالے سے نہ مثبت نہ ہی منفی رائے رکھتے ہیں، جبکہ 39% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے اس حوالے سے کبھی نہیں سنا ، تاہم 14% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

GIA کی جانب سے برکس (BRICS) کی رکنیت میں اضافے پر عالمی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی اس لنک پر کلک کریں۔


**" حال ہی میں سے "برکس" BRICS جو کہ پانچ ملکی اتحاد ہے جس میں برازیل، روس، انڈیا، چین اور جنوبی افریقہ شامل ہیں - میں چھ نئے رکن ممالک کو شامل کیا گیا ہے جن میں ارجنٹینا، سعودی عرب اور مصر شامل ہیں۔برائے مہربانی بتائیں کہ اس عالمی اتحاد کے بارے میں آپ کیسی رائے رکھتے ہیں؟"**




*Source: Gallup Pakistan & GIA End of Year Survey 2023*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

## عالمی ممالک کے اعتبار سے نتائج:

عالمی ممالک کے اوسط نتائج (19%) کے مقابلے میں، پاکستانیوں کی زیادہ شرح (28%) نے برکس (BRICS) کی رکنیت میں اضافے پر مثبت رائے کا اظہار کیا، تاہم عالمی ممالک کے مقابلے میں پاکستانیوں کی 9% زیادہ شرح نے اس اتحاد کے بارے میں بالکل بھی نہیں سنا۔




*Source: Gallup Pakistan & GIA End of Year Survey 2023*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1,000 مرد و خواتین سے 4 تا 16 اکتوبر 2023 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

## گیلپ انٹر نیشنل کے بارے سے:

گیلپ انٹر نیشنل ایسوسی ایشن (GIA) مارکیٹ ریسرچ اور پولنگ میں دنیا کی معروف خود مختار تنظیم ہے، اور گیلپ پاکستان اس کا ممبر ہے۔

75 سالوں سے گیلپ انٹر نیشنل کے ممبران نے مختلف ممالک میں سروے کرنے اور بہترین معیار فراہم کرنے میں ماہرانہ صلاحیت ظاہر کی ہیں جس کا بآسانی موازنہ کیا جاسکتا ہے۔ ہمارے 100 سے زائد ممبران اور پاٹنرز اپنے ملک کے تحقیقی طریقوں اور تکنیکوں، شماریاتی ذرائع، ثقافت اور رسم و رواج کے اختلافات کے حوالے سے وسیع مقامی معلومات رکھتے ہیں اور بہت سے قومی اداروں کی قیادت کر رہے ہیں، ایسوسی ایشن بورڈ کی جانب سے اُن ممبران کا بہت احتیاط کے ساتھ انتخاب کیا گیا ہے۔ ہر ایک ملک میں صرف ایک رکن ایجنسی ہے، ممبران روزانہ کی بنیاد پر معلومات، ریسرچ کے نئی ٹیکنیک اور ٹولز کو شئیر کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی ریسرچ کے منصوبوں کی تکمیل کیلئے مناسب حل فراہم کرنے اور کلائنٹ تک اپنی بہترین صلاحیتوں کے مطابق سروسز فراہم کرنے کیلئے مل کر کام کر رہے ہیں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 27th June 2024**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* [www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com)

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)